# Regional Urdu Text Bulletin, Chhatrapati Sambhajinagar

4

Date: 13 September-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۳ ستمبر ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

## :::::::سرخیاں:::::::

**پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:**

☆ بھارت کی علمی روایت دفاع، اختراع، تحفظ اور موافقت کے چار ستونوں پر کھڑی ہے۔ گیان بھارتم ویب سائٹ کے افتتاح کے موقعے پر وزیر اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست میں 34 ضلع پریشدوں کے صدر عہدوں کے ریزرویشن کا اعلان۔

☆ شدید بارشوں سے متاثرہ کسانوں کو 73 کروڑ 54 لاکھ روپے معاوضہ دینے سے متعلق سرکاری فیصلہ جاری۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر میں 26 اساتذہ کو ضلعی سطح کے مثالی معلم ایوارڈ تفویض۔

***** ***** *****

**اب خبریں تفصیل سے:**

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ بھارت کی علمی روایت' دفاع، اختراع، تحفظ اور موافقت جیسے چار ستونوں پر کھڑی ہے۔ وزیرِ اعظم کل نئی دہلی میں ویب سائٹ ''گیان بھارتم'' کے آغاز کے موقعے پر بات کر رہے تھے۔

مودی نے بتایا کہ اس تلخ حقیقت کے باوجود کہ تاریخ میں وحشیانہ حملوں سے لاکھوں مخطوطات تباہ کر دیئے گئے، تاہم' بھارت کے پاس اب بھی دنیا میں مخطوطات کا سب سے بڑا ذخیرہ موجود ہے۔ انہوں نے کہا...

**Byte: Prime Minister Narendra Modi**

خبروں میں بتایا گیا ہے کہ قدیم مخطوطات کو کمپیوٹرائز کر کے ڈیجیٹل شکل میں محفوظ کیا جائے گا۔

***** ***** *****

ریاست میں 34 ضلع پریشدوں کے صدر کے عہدوں کے ریزرویشن کا' کل اعلان کر دیا گیا۔ اس کے مطابق، چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع پریشد۔ جنرل زمرے کیلئے، جالنہ ضلع پریشد پسماندہ زمرے کی خواتین کیلئے، بیڑ درج فہرست ذاتوں کی خواتین کیلئے، پربھنی درج فہرست ذات کے زمرے، ہنگولی پسماندہ زمرے، ناندیڑ پسماندہ زمرے کی خواتین کیلئے' جبکہ لاتور اور دھاراشیو ضلع پریشد جنرل زمرے کی خواتین کیلئے مختص کی گئی ہیں۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے رواں سال جون اور اگست کے دوران غیر موسمی بارش اور موسلا دھار بارشوں سے متاثرہ کسانوں کیلئے 73 کروڑ 54 لاکھ روپے کی مالی امداد کا اعلان کیا ہے۔ حکومت نے اس سلسلے میں ایک سرکاری حکم نامہ کل جاری کیا۔ اس کا فائدہ 84 ہزار سے زائد کسانوں پہنچے گا اور امدادی رقم براہِ راست متاثرہ کسانوں کے بینک کھاتوں میں منتقل کی جائے گی۔

***** ***** *****

ریاستی حکومت نے کل مریکہ کے ریاست ہائے متحدہ آئیووا کے ساتھ ایک مفاہمتی معاہدے پر دستخط کیے۔ وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کی موجودگی میں اس معاہدے پر دستخط کیے گئے۔ وزیر اعلیٰ پھڑنویس نے اس خصوص میں بتایا کہ دونوں ریاستیں زراعت اور زرعی ٹیکنالوجی کے شعبوں میں مل کر کام کریں گی۔

***** ***** *****

مراٹھی زبان محکمہ آئندہ دنوں میں ایک ادبِ نوجواں کانفرنس، ادبِ اطفال کانفرنس اور ادبِ نسواں کانفرنس کا انعقاد کرے گا۔ مراٹھی زبان کے وزیر اور وزیرِ صنعت اُدئے سامنت نے کل اہلیانگر میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ اطلاع دی۔ سامنت نے بتایا کہ لندن میں چھترپتی شیواجی مہاراج کے نام سے منسوب ایک عالمی مراٹھی لسانی مرکز آئندہ دو ماہ میں قائم کیا جائے گا۔ اس موقعے پر سامنت نے ریاست کی نئی صنعتی پالیسی، جواہرات اور زیورات سے متعلق پالیسی، اور نئی بانس پالیسی سمیت مختلف 12 پالیسیوں کا خاکہ بھی پیش کیا۔

***** ***** *****

رکنِ پارلیمان رویندر چوہان نے مراٹھواڑہ میں بنجارہ یعنی لمان برادری کو حیدرآباد گزٹیئر کے مطابق درج فہرست قبائل کا درجہ دینے کا مطالبہ کیا ہے۔ انہوں نے اس سلسلے میں وزیر اعلیٰ دیویندر پھڑنویس کو ایک مطالباتی محضر پیش کیا۔ انھوں نے متعلقہ محضر نامے میں بنجارہ برادری کو تلنگانہ اور آندھرا پردیش ریاستوں میں اسی گزٹ کی بنیاد پر درج فہرست قبائل کا درجہ دیئے جانے کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی۔

***** ***** *****

ریاست کے خوراک، رسد اور تحفظِ صارفین محکمے کے وزیر چھگن بھجبل نے کہا ہے کہ وہ مراٹھا ریزرویشن کے تحت تمام مراٹھوں کو او بی سی کوٹے کے تحت لانے کے فیصلے کو تسلیم نہیں کرتے ہیں۔ وہ گزشتہ روز لاتور میں صحافیوں سے بات کر رہے تھے۔

اسی دوران، بھجبل نے کل رینا پور تعلقے کے وانگ دری گاؤں میں خودکشی کرنے والے نوجوان بھرت مہادیو کراڑ کے اہلِ خانہ سے ملاقات کی اور ان سے تعزیت کا اظہار کیا۔

***** ***** *****

## یہ خبریں آکاشوانی چھترپتی سمبھاجی نگر سے نشر کی جا رہی ہیں۔

***** ***** *****

نیپال کی سابق چیف جسٹس سشیلا کارکی نے وزیرِ اعظم کی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ نیپال کے صدر رام چندر پوڈیل نے کل کارکی کو عبوری وزیر اعظم کے عہدے کا حلف دلایا۔

***** ***** *****

ریاست کے سابق گورنر سی پی رادھا کرشنن نے کل نائب صدرِ جمہوریہ کے عہدے کا حلف لیا۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مُرمو نے راشٹرپتی بھون میں منعقدہ ایک تقریب میں انہیں عہدے کا حلف دلایا۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر میں 26 اساتذہ کو رابطہ وزیر سنجے شرساٹ کے ہاتھوں مثالی معلم کے اعزاز سے نوازا گیا۔ تقسیمِ ایوارڈ تقریب میں بہوجن بہبود کے وزیر اتل ساوے کے علاوہ رکنِ کونسل وکرم کالے، رکنِ اسمبلی پرشانت بمب، ضلع کلکٹر دلیپ سوامی، ضلع پریشد کے سی ای او انکت اور کئی دیگر معزز شخصیات موجود تھیں۔ اس موقعے پر تعلیمی سال 25-2024 اور 26-2025 کے ایوارڈز بھی معلّمین کو تفویض کیے گئے۔

***** ***** *****

اشیا اور خدمات ٹیکس ۔ جی ایس ٹی میں اصلاحات الیکٹرانک اشیا پر ٹیکس میں بڑی تخفیف ہوگی۔ چھترپتی سمبھا جی نگر کے الیکٹرانک اشیا کے تاجر پنکج اگروال نے یقین ظاہر کیا ہے کہ آئندہ دسہرہ اور دیوالی تہوار کے دوران الیکٹرانک اشیا کی خریداری کی منصوبہ بندی کرنے والے صارفین کو اس کا بڑا فائدہ پہنچے گا۔

***** ***** *****

رکنِ اسمبلی نارائن کوچے نے کہا کہ عوامی شراکت، شفافیت اور مساوی مواقع کی بنیاد پر ہر گاؤں خود انحصار، مہذب اور ترقی یافتہ بنے گا۔ وہ کل جالنہ ضلعے کے بدنا پور میں وزیر اعلیٰ سمردھ پنچایت راج ابھیان کے تحت منعقدہ ورکشاپ سے خطاب کر رہے تھے۔ اس موقعے پر کوچے نے مختلف ترقیاتی اُمور پر حاضرین کی رہنمائی بھی کی۔

***** ***** *****

وزیرِ اعظم نریندر مودی کے یوم پیدائش کی مناسبت سے ناندیڑ ضلعے میں عوامی مقامات پر صفائی، صفائی دوست تحفظ کیمپ، ماحول دوست اور صفر کچرا جیسی سرگرمیاں چلائی جائیں گی۔ اس دوران، ناندیڑ انتظامیہ نے خصوصی گرام سبھا منعقد کر کے صاف ستھرا گاؤں کا اعلان کرنے کا ہدف مقرر کیا ہے۔

***** ***** *****

ازبکستان میں جاری FIDE گرینڈ سوئس شطرنج چیمپئن شپ میں خواتین کی عالمی چیمپئن دیویا دیشمکھ کو وائلڈ کارڈ کے ذریعے داخلہ دیا گیا ہے اور کل ان کا گرینڈ ماسٹر ڈی گوکیش کے ساتھ تقریباً چھ گھنٹے تک جاری رہنے والا میچ برابری پر ختم ہوا۔ دیویا دیشمکھ کو فی الحال گوکیش سے آدھے پوائنٹ کی سبقت حاصل ہے۔

***** ***** *****

بھارت کے لکشیے سین اور ساتوک سائی راج رینکی ریڈی اور چراغ شیٹی ہانگ کانگ اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ کے سیمی فائنل میں داخل ہو گئے ہیں۔ ساتوک سائی راج اور چراغ کی جوڑی کا آج صبح چینی تاپے کی جوڑی سے مقابلہ ہوگا۔ اسی طرح لکشیے سین کا مقابلہ مردوں کے سنگلز کے سیمی فائنل میں چینی تاپے کے کھلاڑی سے ہوگا۔

***** ***** *****

دھاراشیو ضلع صحافتی تنظیم کی جانب سے آج سے دو روزہ دھاراشیو فیسٹیول کا انعقاد کیا جا رہا ہے۔ اس اوّلین فیسٹیول میں مدعو شاعروں کا ریاستی سطح کا مشاعرہ اور بھوپالی سے لے کر بھیروی تک مراٹھی لوک فنون پیش کیے جائیں گے۔ یہ پروگرام دھاراشیو نگر پریشد کے چھترپتی شیواجی مہاراج ناٹیہ گرہ میں شام چھ بجے منعقد ہوں گے۔

***** ***** *****

ہنگولی ضلعے میں بادل پھٹنے جیسی بارش کی وجہ سے تعلقہ کے کئی دیہاتوں سے رابطہ منقطع ہو گیا ہے۔ اسی دوران' کل گُنڈہ گاؤں کے قریب ایک ندی میں دو خواتین کے بہہ جانے کی اطلاع ہے۔

***** ***** *****

پربھنی ضلعے میں کل گھن گرج کے ساتھ زوردار بارش ہوئی۔ اس بارش سے زرعی فصلوں کو نقصان پہنچا ہے۔ چھترپتی سمبھا جی نگر علاقے میں بھی کل موسم ابر آلود رہا جبکہ کچھ علاقوں میں ہلکی بارش ہوئی۔

***** ***** *****

ریاست میں آج ودربھ، مراٹھواڑہ اور مغربی مہاراشٹر کے کچھ اضلاع میں بارش کا یلو الرٹ جاری کیا گیا ہے۔ مراٹھواڑہ کے ناندیڑ اور لاتور اضلاع کے لئے آرینج الرٹ جبکہ پربھنی، ہنگولی، دھاراشیو اور بیڑ اضلاع کیلئے محکمۂ موسمیات نے یلو الرٹ جاری کیا ہے۔

***** ***** *****

::::::سرخیاں::::::

**آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:**

☆ بھارت کی علمی روایت دفاع، اختراع، تحفظ اور موافقت کے چار ستونوں پر کھڑی ہے۔ گیان بھارتم ویب سائٹ کے افتتاح کے موقعے پر وزیر اعظم کا اظہارِ خیال۔

☆ ریاست میں 34 ضلع پریشدوں کے صدر عہدوں کے ریز رویشن کا اعلان۔

☆ شدید بارشوں سے متاثرہ کسانوں کو 73 کروڑ 54 لاکھ روپے معاوضہ دینے سے متعلق سرکاری فیصلہ جاری۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھا جی نگر میں 26 اساتذہ کو ضلعی سطح کے مثالی معلم ایوارڈ تفویض۔

***** ***** *****

**اس کے ساتھ ہی آکاشوانی سے علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔**

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھا جی نگر یوٹیوب چینل ٗ پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****